بھی ہو گیا، اب شوق سے دعوت و تبلیغ کے لیے نکلیے (ص ۲۷۳)۔ یہ ایسا لگا کہ سب بچوں کی شادیاں کر کے حج کا سوچا جائے۔

الحکمہ، ڈاک سے بھیجنے کا انتظام نہیں، مصنف سے بطور ہدیہ دستی وصول کیا جا سکتا ہے (فون: ۷۵۸۵۹۶۰)۔ (مسلم سجاد)

اسلام میں عبادت کا حقیقی مفہوم، ڈاکٹر یوسف قرضاوی۔ ترجمہ: خدا بخش کلیار ایڈووکیٹ۔ ناشر: الفیصل، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۳۹۰۔ قیمت: ۱۸۰ روپے۔

عبادت کے حوالے سے ایک عام تصور نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج ہی کو کل عبادت سمجھ لینا ہے، جب کہ قرآن کی چار بنیادی اصطلاحیں میں سید مودودی علیہ الرحمہ نے زندگی کے ہر دائرے میں اللہ کی اطاعت کو 'عبادت' قرار دیا جس کے لیے انسان کو پیدا کیا گیا ہے، اور نماز روزہ کو اس عبادت کے لیے تیار کرنے کے ذرائع قرار دیا۔ زیرنظر کتاب اسلام کے اس تصور کو نہایت جامع اور علمی و تحقیقی انداز سے پیش کرتی ہے۔ اس میں، مصنف نے علامہ ابن تیمیہؒ، ابن قیمؒ، امام غزالیؒ، مولانا مودودیؒ، سید سلیمان ندویؒ اور دیگر اصحابِ علم سے بھی استفادہ کیا ہے۔

علامہ یوسف قرضاوی نے انسان کے مقصدِ حیات سے آغاز کرتے ہوئے عبادت کی حقیقت پر گفتگو کی ہے اور دوسرے مذاہب میں عبادت کے ناقص تصور کے پس منظر میں اسلام کے جامع تصور کو واضح کیا ہے۔ عبادت کی قبولیت کا معیار کیا ہے؟ اس حوالے سے روحِ عبادت، عبادت میں اخلاص، خشوع و خضوع اور احکامِ شریعت کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ آخر میں (۱۵۰ صفحات) مسنون عبادات، یعنی نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ دو عبادات کا اضافہ کیا ہے: امر بالمعروف و نہی عن المنکر اور جہاد فی سبیل اللہ۔

فاضل مصنف نے عبادت کے حوالے سے شرک اور بدعت پر بھی گفتگو کی ہے، یعنی عبادت صرف اللہ کی کی جائے اور بتائے ہوئے طریقے کے مطابق کی جائے۔ انھوں نے دین کے آسان ہونے پر ایک الگ باب قائم کیا ہے اور بہت سی مثالیں دے کر، دین کو مشکل بنانے والوں پر گرفت کی ہے۔ موزوں پر مسح، جمع الصلاتین، ننگے سر نماز جیسے مسائل اسی ذیل میں آتے ہیں۔